آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 26 | 17 جمادی الثانی 1447 منگل 09 دسمبر 2025ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 298

برف پگھلنے لگی، تحریک انصاف نے حکومتی پیشکش قبول کرلی

مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں اکثریتی اراکین نے اس فیصلے کی حمایت کی، ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی میں پی ٹی آئی کے وکلا، سینیٹرز اور اراکین قومی اسمبلی کو شامل کرنے کی ہدایت

خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ، پی ٹی آئی کا موقف ہے کہ انہیں واضح طور پر دکھایا جائے کہ ان کے بانی چیئرمین کو جیل میں کون کون سی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں: ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

سندھ، 7 اضلاع میں فیس لیس ای ٹکٹنگ شروع کرنیکا فیصلہ

آئندہ چند روز میں سہولت سینٹرز کے عملے کو تربیت فراہم کردی جائے گی، آئی جی سندھ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

مسلم لیگ ن کے رہنما عابد شیر علی بلا مقابلہ سینیٹر منتخب، وزیراعظم کی مبارکباد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

انڈونیشیا کے صدر کا پرتپاک استقبال، جنگی طیاروں کی سلامی

دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات اور باہمی احترام کا مظہر ہے، حکومتی اعلامیہ جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



راولپنڈی: چیف آف آرمی اسٹاف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر جی ایچ کیو میں ٹرائی سروسز گارڈ آف آنر کا معائنہ کررہے ہیں

خوش فہمی میں نہ رہے بھارت کو تیز ترین شدید جواب ملے گا — فیلڈ مارشل

ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز کا قیام اس تبدیلی کی جانب ایک ضروری قدم ہے، ہر سروس اپنی آپریشنل تیاریوں کیلئے اپنی انفرادیت برقرار رکھے گی، چیف آف ڈیفنس فورسز

ڈیفنس فورسز کا ہیڈکوارٹر سروسز کے آپریشن کو مربوط اور ہم آہنگ کرے گا، بالا کمانڈ کی یکجہتی کیساتھ ساتھ تینوں افواج اپنی اندرونی خودمختاری اور تنظیمی ڈھانچہ برقرار رکھیں گی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

پاکستان کا مستقبل بہتر کرنے میں فورسز کا بھی ہاتھ ہے — اراکین اسمبلی

سندھ اسمبلی نے پیر کو اپنے اجلاس میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی

وفاع وطن کے لئے افواج پاکستان کی خدمات اور قربانیاں پوری قوم کے لئے باعث فخر ہیں، ارکان سندھ اسمبلی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف انڈونیشیا کے صدر کا استقبال کررہے ہیں

بھارت نے دریائے چناب میں پانی کا ریلہ چھوڑ دیا

چناب میں پانی کا بہاؤ 58 ہزار 300 کیوسک ہوگیا، گندم کی فصل کو نقصان پہنچانے کیلئے بھارت نے ڈیم خالی کئے

منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد 3 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 35 ہزار کیوسک ہے، اعداد وشمار جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری کو فلپائن کے سفیر عمانویل آر فرنانڈز تاریخی پینٹنگ پیش کررہے ہیں

قومی اہمیت کے اہم منصوبوں کی بروقت تکمیل ترجیح ہے — وزیر اعظم

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو پی ایس ڈی پی اور اے ڈی پی کے مقاصد اور امنگوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے، شہباز شریف

ای۔ پروکیورمنٹ اور پراجیکٹ ریڈی نیس کی سہولیات کی فراہمی سے پروکیورمنٹ کو تیز رفتار بنایا جاسکتا ہے، اجلاس سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



کراچی: امریکی ہاؤس میں تحلیل بکر پولیس ایس ایف پی کی نئی شارت کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کررہی ہیں

پاکستان میں پالیسیاں مضبوط، عملدرآمد سست ہے — ایشیائی بینک

پاکستان کو پانی کے شدید بحران کا سامنا ہے، ذخائر میں تیزی سے کمی جاری ہے، واٹر سکیورٹی کے بغیر معاشی ترقی ممکن نہیں

ذخائر میں تیزی سے کمی جاری ہے، زیر زمین پانی کے بے دریغ استعمال سے زہریلا آرسینک پھیل رہا ہے، رپورٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34



کراچی: صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن سندھ اسمبلی میڈیا کارنر پر پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ریڈ لائن کراس کرنے کی کسی کو اجازت نہیں — شرجیل میمن

کل ہم نے سب کو کچھڑے پر مبارک باد بھی دی تھی، قانون ہاتھ میں لینا برداشت نہیں کیا جائے گا، سینئر صوبائی وزیر

بانی پی ٹی آئی کی بہنیں بھارتی میڈیا کے ذریعے ملک مخالف سازش کا حصہ بن رہی ہیں، میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

گھر سے ملنے والی 3 خواتین کی لاشوں کا پوسٹ مارٹم ہوگیا

بظاہر زہریلی چیز کھانے کے بعد خواتین کی اموات ہوئی ہیں، پولیس سرجن ڈاکٹر سمیعہ طارق

شہر قائد میں لیاقت آباد فردوس شاپنگ سینٹر کے قریب موٹر سائیکل سے گر کر 18 سالہ لڑکی جاں بحق

3 سالہ ابراہیم کی موت کے ذمہ داروں کا تعین نہ ہوسکا

سرکاری افسران کو معطل کر کے معاملہ رفع دفع کرنے کی مبینہ کوشش کا انکشاف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

کم عمر بچے کی مسافر بس چلاتے ویڈیو اور تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل، 50 ہزار کا چالان، بس ضبط کرنے کا حکم

کے الیکٹرک اور کنٹریکٹر کا تنازعہ سندھ ہائیکورٹ پہنچ گیا

عدالت عالیہ کے آئینی بینچ نے جام صادق پل کی پرانی تعمیرات کی مسمار کو روک دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

کراچی چڑیا گھر میں بغیر پرچی کے داخلے کی اجازت کا انکشاف

غیر قانونی طور پر ملوث افسران کے خلاف شفاف تحقیقات کی جائیں، شہریوں کا مطالبہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

شاہراہ فیصل میں ہنگامہ آرائی اور تشدد کے واقعہ کا مقدمہ درج

مقدمے میں نامزد 12 افراد گرفتار ہیں، 300 سے زائد نامعلوم افراد شامل ہیں، پولیس



نارووال: سول ڈیفنس کا اہلکار نالہ ڈیک سے ملنے والی اینٹی ٹینک مائن دکھا رہا ہے

KP حکومت قبلہ درست کرے ورنہ گورنر راج لگے گا — فیصل کنڈی

پاکستان تحریک انصاف کو احتجاج سے کچھ نہیں ملے گا اور اس بار پاکستان تحریک انصاف اسلام آباد میں احتجاج نہیں کرسکے گی، گورنر خیبر پختونخواہ

فیصلہ عدالتوں کو کرنا ہے، سڑکوں پر کوئی فیصلے نہیں ہوتے، جیل جانا کوئی بڑی بات نہیں، پاکستان کی تقریباً ہر سیاسی شخصیت جیل گئی ہے، میڈیا سے گفتگو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

بھینس کالونی میں سالے کی فائرنگ سے بہنوئی جاں بحق

مقتول عبداللطیف کو سینے پر ایک گولی لگی جو اس کی موت کی وجہ بنی، ملزم فرار ہوگیا، پولیس

سٹی کورٹ کے اطراف پارکنگ پر وکلا کا ای چالان نہ کیا جائے، کراچی بار

کراچی میں ڈاکوؤں کی بلاخوف وخطر لوٹ مار

شہری سے 18 لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہونے والے ملزمان کی ویڈیو سامنے آگئی

شہری بینک سے نقدی رقم لیکر واپس جارہے تھے کہ راستے میں واردات کا نشانہ بنے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

ٹھٹھہ میں مکان کی دیوار گرنے سے 2 بچے جاں بحق، ایک بچی زخمی ہوگئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

سہراب گوٹھ میں کپڑے کے گودام میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا گیا

گودام سے دھواں اٹھنے کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی تین گاڑیاں موقع پر روانہ کی گئیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41



اسلام آباد: قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی شریک ہیں

روزنامہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi
اطلاعات ETELAAT DIGITAL

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401




آڈٹ بیوروآف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

کرغزستان کے ساتھ تجارتی تعاون کا نیا باب

اسلام آباد میں وزیراعظم ہاؤس میں پاکستان اور کرغزستان کے درمیان مختلف شعبوں میں 15 معاہدے اور مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ ہوا۔ تقریب میں پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف شریک ہوئے۔ اس موقع پر دونوں ممالک نے تجارتی حجم کو دو سال میں 15 سے 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم ظاہر کیا۔ پاکستان اور کرغزستان کے درمیان وفود کی سطح پر ہونے والی حالیہ ملاقات بلاشبہ خطے میں بدلتے ہوئے جغرافیائی و معاشی حالات کے تناظر میں نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف کے درمیان ہونے والی یہ گفتگو نہ صرف دوطرفہ تعلقات کے ایک نئے دور کا آغاز کرتی ہے بلکہ وسطی اور جنوبی ایشیا کے مابین تعاون کی نئی راہیں بھی کھولتی ہے۔ اس ملاقات سے یہ بات ایک بار پھر ثابت ہوئی ہے کہ پاکستان علاقائی ہم آہنگی، اقتصادی اشتراک اور توانائی کے استحکام کے لیے اپنی خارجہ پالیسی میں واضح اور سنجیدہ رخ رکھتا ہے۔ یہ امر بھی قابل ستائش ہے کہ پاکستان اور کرغزستان نے تجارت، توانائی، مواصلات اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر خصوصی توجہ دی ہے۔ دنیا کے بیشتر خطے آج علاقائی بلاکس کی قوت سے مستفید ہو رہے ہیں، عالمی معیشت میں وہی ممالک آگے بڑھ رہے ہیں جنھوں نے خطوں کے درمیان رسائی اور تجارت کو فروغ دینے پر سرمایہ کاری کی۔ یہی وجہ ہے کہ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تجارت کو 2027 تا 2028 کے دوران 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ یہ ہدف نہ صرف حقیقت پسندانہ ہے بلکہ دونوں ممالک کے لیے ایک ایسے معاشی سفر کا راستہ کھولتا ہے جو مستقبل میں اسے مزید وسعت دے سکتا ہے۔ اس ملاقات کے دوران ہونے والے معاہدات اور مفاہمتی یادداشتوں کا عملی نفاذ اس ہدف کے حصول کے لیے بنیادی کردار ادا کرے گا۔ گزشتہ تجربات نے ثابت کیا ہے کہ پاکستان جب کسی ملک کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبے میں عملی پیش رفت دکھاتا ہے تو اس کے نتائج نہ صرف معاشی بلکہ سیاسی اور سفارتی سطح پر بھی نمایاں ہوتے ہیں۔ دونوں ممالک نے ان ایم او یوز کے ذریعے نہ صرف اقتصادی بلکہ سماجی اور ثقافتی تعاون کے نئے در وا کیے ہیں۔ خاص طور پر تعلیم اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ کرغزستان پہلے ہی پاکستانی طلبہ کے لیے ایک قابل قبول تعلیمی مرکز ہے۔ وہاں اعلیٰ تعلیم کا معیار بہتر ہے اور اخراجات نسبتاً کم ہیں۔ اس شعبے میں مزید تعاون دونوں ممالک کے نوجوانوں کے درمیان روابط بڑھانے کا سبب بنے گا۔ اسی طرح کرغزستان کے قدرتی مناظر اور پاکستان کے تاریخی و ثقافتی مقامات دونوں ممالک کو ایک دوسرے کے لیے پرکشش سیاحتی مقامات بناتے ہیں۔

عالمی یوم انسداد بدعنوانی: پاکستان کا کرپشن زدہ مستقبل!

آج 9 دسمبر کو دنیا بھر میں عالمی یوم انسداد بدعنوانی منایا جا رہا ہے، جہاں ہر ملک بدعنوانی کے خلاف آواز اٹھاتا ہے اور اصلاحات کا عزم کرتا ہے۔ لیکن پاکستان ...


تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

نو دسمبر کا سچ: ایم کیو ایم کا یوم شہدا

خونی یادیں، خاموش داستانیں اور لرزا دینے والے انکشافات!

پاکستان کی سیاست میں کچھ تاریخیں ایسی ہوتی ہیں جو صرف کیلنڈر میں درج نہیں ہوتیں بلکہ سینوں میں دھڑکتے زخموں کی طرح زندہ رہتی ہیں۔ ایم کیو ایم ہر سال 9 دسمبر کو یوم شہدا اسی لیے مناتی ہے کہ یہ دن ان کارکنوں کی یاد دلاتا ہے ... وہ کہانیاں پھر دہرائی جاتی ہیں جنہیں باضابطہ طور پر کبھی قلمبند نہ کیا گیا لیکن ہر کارکن کے دل پر نقش ہیں۔


تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

سیاست کا جنازہ کون اٹھائے گا؟

پاکستان کی سیاست پر وہ بھاری سناٹا چھایا ہے ... مگر سوال یہ ہے: کیا سیاست کا خاتمہ نیک شگون ہے؟ ...


تحریر: عادل عباسی
سینئر تجزیہ کار

... سیاست میں اپوزیشن ختم ہو جائے تو حکومت بھی کھوکھلی لگتی ہے۔ سیاست کو زندہ رکھنا اب خود ن لیگ کی ذمہ داری ہے ورنہ یہ ملک واقعی سیاست سے محروم ہو جائے گا اور سیاست کا جنازہ بے آواز اٹھ جائے گا۔ ... ایسے میں سیاست کے جنازے پر فاتحہ پڑھی جائے تو اور کیا کیا جائے؟

پاکستان کی اقتدار کی گلیوں میں ہلچل

طاقت، سازش اور فیصلوں کی وہ گونج جس نے پورے ملک کو ہلا دیا!

ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس نے تو جیسے سازشی عناصر کی آخری امید بھی خاک میں ملا دی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا یہ مطلب ٹھیک ہے، پاکستان اب اونچی اڑان بھرے گا ایسے وقت میں آیا ہے جب مایوسی کا اندھیرا گہرا ہوتا جا رہا تھا۔ ... گنڈاپور جیسی رسائی اب انہیں حاصل نہیں۔ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا سیل کے جنگجو کبھی بانی پی ٹی آئی کی موت کی جھوٹی خبریں پھیلاتے ہیں، کبھی سیاسی نفرت گری کی نئی راہیں تلاش کرتے ہیں۔ ...


تحریر: عبدالقیوم مرزا
سینئر تجزیہ کار

... کمزور کر رہا ہے۔ صوبے میں افغان مہاجرین کی غیر قانونی موجودگی اور دہشت گرد گروہوں سے ممکنہ روابط صورتحال کو مزید خطرناک بنا رہے ہیں۔ ریاست بار بار کہہ رہی ہے کہ یہ جنگ صرف عسکری نہیں، سیاسی قیادت کے تعاون کے بغیر جیتنا ناممکن ہوگا۔ ...


چیئرمین وائس آف ہیلتھ ڈاکٹر محمد شکیل ہاشمی کے صاحبزادے ... کی دعوت ولیمہ میں ... گروپ فوٹو

خدا کیلئے عوام کے حالات کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، اسلم فاروقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ... نے ایم کیو ایس سی کے رہنماؤں ... کے ہمراہ آفس میں عوامی حقوق پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ خدا کے لیے عوام کے حالات کی بہتری کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں عوام کے حالات انتہائی خراب ہیں لوگوں کے لیے دو وقت کی روٹی تک مسئلہ بن گئی ہے۔


چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کے مختلف علاقوں میں افسران اور اسٹاف کے ہمراہ کھلے مین ہولز پر رنگ اور ڈھکن لگانے کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

دین اسلام کی حقیقی تعلیمات کو عام کرنا ہمارا مقصد اولین ہے، مفتی عابد مہروی

نوجوان نسل کو دینی و اخلاقی رہنمائی اور معاشرے میں امن و برداشت کے کلچر کو مضبوط کریں گے

تحریک اہلسنت پاکستان کراچی کے زیر اہتمام سرجانی ٹاؤن کراچی میں مہرویہ کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک اہلسنت پاکستان کراچی کے زیر اہتمام جامعہ مہریہ نور القرآن، جامع مسجد غوثیہ سیکٹر 11-سی سرجانی ٹاؤن کراچی میں مہرویہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ...

سندھ ہائیکورٹ کا نوٹس، وکیل پر حملے کی تفتیش غیر مؤثر، سید محسن علی پر جان لیوا حملہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے ہائی کورٹ کے وکیل سید محسن علی پر ہونے والے جان لیوا حملے کی غیر مؤثر اور تاخیر کا شکار تفتیش پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعدد اعلیٰ پولیس حکام کو 16 دسمبر 2025 کو عدالت میں طلب کر لیا ہے۔ یہ احکامات کریمنل ایپلیکیشن نمبر 1064/2025 اور 2968/2025 کی سماعت کے دوران جاری کیے گئے۔

یوم سیدنا ابوبکر صدیق سرکاری سطح پر منایا جائے، مفتی عبدالرحمن مدنی

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن کا ایک اور احسن اقدام

کھلے مین ہولز پر فوری کور کی تنصیب، ٹاؤن انتظامیہ عملی میدان میں متحرک

شہری انتظامیہ اگر متحد ہو جائے تو کراچی جیسے بڑے شہر میں بھی واضح تبدیلی ممکن ہے، محمد یوسف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے عوامی سلامتی کے حوالے سے نہایت اہم اور فوری نوعیت کا اقدام اٹھاتے ہوئے ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا اچانک دورہ کیا۔ ...

نیشنل گیمز فینسنگ چیمپئن شپ: پاکستان آرمی کی دو گولڈ میڈلز کیساتھ برتری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل گیمز فینسنگ چیمپئن شپ مقابلوں میں پاکستان آرمی نے ...

16 ویں سالانہ شانِ رسول ﷺ کانفرنس کی تیاریاں حتمی مراحل میں

اہم اجلاس میں شرکاء نے کانفرنس کی مکمل انتظامی منصوبہ بندی کا جائزہ لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) طلباء اسلام کراچی کے ... کانفرنس 3 جنوری 2026 بروز ہفتہ رات 8 بجے نزد جامع مسجد مسلم ٹاؤن، سیکٹر E-11 ناتھ کراچی میں منعقد ہوگی۔

35 ویں نیشنل گیمز: پاکستان واپڈا اور پاکستان آرمی نے کامیابی سمیٹ لی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 35 ویں نیشنل گیمز کے ... مقابلوں میں پاکستان واپڈا اور پاکستان آرمی نے اپنے میچز جیت لیے۔ ...


سندھی ثقافت ڈے کے موقع پر ... سندھی ٹوپی اجرک پہن کر ثقافتی دن منا رہے ہیں

نیشنل گیمز والی بال: پاکستان آرمی، واپڈا اور نیوی نے اپنے میچز جیت لیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 35 ویں نیشنل گیمز کے ... پاکستان آرمی اور واپڈا نے ... پاکستان نیوی نے ...

سندھی ثقافت ہمارے قومی ورثے کا ایک روشن باب ہے، اشفاق ستار میمن

سندھ کی ثقافت محبت، اخوت، امن اور مہمان نوازی کا حسین امتزاج ہے، علی محمد صدیقی، شہزر دوست

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دلال انڈسٹری ٹیکسٹائل ایکسپورٹ کی جانب سے سندھی کلچر ڈے کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا ...

ٹی کرکٹ ٹورنامنٹ، بی ٹی کے اسٹارز نے ٹائٹل اپنے نام کر لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی ایچ اے ٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں بی ٹی کے اسٹارز نے ڈی ایچ اے ... 242 رنز ... 80 رنز ... 154 رنز ...

انسانیت ماضی کی نسبت اب زیادہ سخت اور سنگین ترین غلامی کا شکار ہے، ساجد علی نقوی

انسان کو آزاد پیدا کیا گیا مگر ہر دور میں اسے ایک نئے انداز میں غلامی کا سامنا کرنا پڑا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی کہتے ہیں انسانیت ماضی کی نسبت اب زیادہ سخت اور سنگین ترین غلامی کا شکار ہے ...

لانڈھی بابر مارکیٹ کے تاجروں کا کھلا خط

مبینہ غیر قانونی اقدامات اور مافیاز کے خلاف شدید احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بابر مارکیٹ کے تاجروں کی جانب سے ایک کھلا خط جاری کیا گیا ہے ...

معروف ادیبہ عائشہ بی کی بچوں کی پہلی کتاب "ننھی کلیوں سے باتیں" شائع ہو گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ... 180 صفحات ...





بقیہ نمبر اطلاعات 01

سے زیادہ وابستگی ہے اور ٹاؤن انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ شہریوں کو روزمرہ کے خطرات سے محفوظ رکھا جائے۔ دورے کے دوران چیئرمین محمد یوسف نے گلشن اقبال میں پیش آنے اس دلخراش حادثے کا خاص طور پر ذکر کیا، جس میں کمسن بچہ محمد ابراہیم کھلے مین ہول میں گر کر جاں بحق ہو گیا تھا۔ انہوں نے گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا، معصوم ابراہیم کا سانحہ پوری قوم کے لیے ایک المیہ ہے۔ خاندان کے دکھ میں مکمل طور پر شریک ہوں۔ ایسے حادثات محض حادثات نہیں، اداروں کی غفلت کا نتیجہ ہیں۔ اس سال دوران ان کے قریب قیمتی جانیں کھلے مین ہولز کی نذر ہو چکی ہیں، جو کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ یو کراچی ٹاؤن نے فیصلہ کیا ہے کہ ٹاؤن کی حدود میں جتنے بھی کھلے مین ہول موجود ہیں، انہیں ٹاؤن کے فنڈ سے ڈھکن لگا کر بند کیا جائے گا۔ انہوں نے اس عمل کا آغاز خود میدان میں اتر کر کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کام بلاشبہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کی ذمہ داری ہے، لیکن جب ذمہ دار ادارے خاموش رہیں تو شہریوں کی حفاظت کے لیے ہم خاموش نہیں رہ سکتے۔ میرے نزدیک ہر بچہ، ہر شہری ہماری ذمہ داری ہے، اور اس ذمہ داری سے پہلو تہی ممکن نہیں۔ چیئرمین محمد یوسف نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ وہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری اور مستقل بنیادوں پر اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا میں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب صاحب سے اپیل کرتا ہوں کہ واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کو فعال اور جوابدہ بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کریں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 02

پالاری، جمعہ خان کی دو 2 وکٹیں۔ سعید حسن اور طلال کی عمدہ بولنگ سے پی ٹی کے اسٹارز نے ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ سعید حسن ٹورنامنٹ کے بہترین کھلاڑی قرار، قربان بروہی فائنل کے بہترین کھلاڑی قرار پائے۔ سعد علی ٹورنامنٹ کے بہترین بالر قرار پائے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر ژی ایچ اے سی لیفٹیننٹ کرنل علی اصغر نے انعامات تقسیم کئے۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سماجی رہنما احمد چوہان، شیخ ساجد کریم، سردار کامران خان ترین نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی جسمانی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ شہر کے میدانوں کو آباد کرنے کی ضرورت ہے۔ پی ٹی کے اسٹارز کے کپتان حنیف علی خان نے کہا کہ ہماری ٹیم نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ قربان بروہی نے کہا کہ پی ٹی کے اسٹار کی ٹیم تین ٹورنامنٹ جیت چکی ہے، مزید دو ٹورنامنٹ میں فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ وہ بھی جیت کر سرپرست اعلی احمد چوہان کو تحفہ دیں گے۔ کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد سے کھلاڑیوں کی خوبیاں نکھر کر سامنے آ رہی ہیں۔ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ شہر میں کرکٹ کا کریز بڑھتا جارہا ہے۔ احمد چوہان نے مزید کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کو صلاحیتیں دکھانے کے مواقع مل رہے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 03

میں پیپلز پارٹی پاکستان صوبہ سندھ کے صدر اور سینئر رہنما جناب نثار احمد کھوڑو نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نثار کھوڑو نے کہا کہ سندھ پیار محبت ادب علم بھائی چارے برداشت اور امن کی سرزمین ہے۔ ثقافت کا دن زبان، زمین اور ورثے سے محبت کرنے والوں کے لیے خوشی اور جشن کا دن ہے۔ نثار کھوڑو، اجرک اور ٹوپی ہمارا فخر ہیں۔ سندھ کی شان اور خوشحالی کی علامت ہیں۔ چیئرمین اشتیاق علی میرانی۔ ثقافت کا مقصد بھائی چارے، ہم آہنگی اور محبت کے پیغام کو عام کرنا ہے، محمد تمیم شیخ۔ سندھی ثقافت صوفیانہ تعلیمات کی محافظ اور تہذیب کے تحفظ کی یاددہانی ہے، جانی میمن۔ دنیا میں سندھ کے فرزند اپنی ثقافت کو عزت و احترام سے منا رہے ہیں، صدر محمد عبید اللہ میرانی۔ سندھی ثقافت عالمی سطح پر امن و محبت کا پیغام بن چکی ہے، اشتیاق علی میرانی۔ سندھی ثقافت نے ہمیشہ سندھ کی سرزمین کو امن کا سبق سکھایا ہے اور دیتے رہیں گے۔ پ پ ضلعی صدر جانی میمن۔ سندھ خوبصورت لطیف روح کی سرزمین ہے جہاں انسانوں کے ساتھ ساتھ پرندے بھی سکھ کا گیت سنتے ہیں۔ صدر محمد عبید اللہ میرانی۔ سندھی ثقافت ہماری پہچان ہے، ہمارا فخر ہے۔ اور یہاں رہنے والے سندھ کے لوگوں کو ثقافتی دن مبارک ہو، محب علی چانڈیو۔ امن، اتحاد اور ثقافتی ہم آہنگی سندھ کا اصل حسن ہے۔ سائیں بخش بگلانی۔ ثقافتی ورثے کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سردار حفیظ اللہ۔ آج ہمارے صدیوں پرانے ورثے کی تجدید کا دن ہے۔ نذر چانڈیو۔ سندھی قوم اپنی ثقافتی اقدار کا احترام کرنے پر فخر محسوس کرتی ہے۔ سینئر نائب صدر وسیم صدیقی۔ سندھی قوم امن کے قیام اور ثقافت کو فروغ دینے میں ساتھ دے رہی ہے۔ نائب صدر غلام حسین لونڈ۔ سندھ کا ثقافتی دن قوم کی ثقافتی تاریخ کا ایک خوبصورت جشن ہے۔ سندھ کا امن سندھی قوم نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر امن قائم کیا ہے۔ روایتی اور ثقافتی تہوار نوجوانوں کی انتھک محنت اور محبت کا ثمر ہیں۔ سندھ کی سرزمین سندھ کے عوام کے تحفظ اور خدمت کو اپنا مقدس فریضہ سمجھتے ہوئے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 04

ابوبکر صدیق سب سے پہلے مومن، سب سے پہلے صحابی اور مسلمانوں کے پہلے خلیفہ ہیں، دین اسلام کیلئے حضرت ابوبکر کی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 05

کہ علما کرام، خطبا، آئمہ مساجد اور دیگر با اثر شخصیات کو خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت، تعلیم اور معاشی ترقی کے لیے ایک سازگار ماحول بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ با اثر شخصیات کی سماجی حیثیت، رسوخ اور مہارت کو بروئے کار لا کر خاندانی منصوبہ بندی کے حق میں شعور بیدار کرتے اور معاشرے کے رویوں میں مثبت تبدیلی لاتی ہوگی۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر حبیب الرحمن انگڑ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد رمضان اعوان، تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر شہانہ کوثر اور محمد اعظم نامور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علماء خطیب و دیگر با اثر شخصیات خاندانی منصوبہ بندی کے پروگراموں کی حمایت اور صنفی مساوات کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ کمیونٹی کی سطح پر خاندانی منصوبہ بندی کے فوائد کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مقامی اثر و رسوخ رکھنے والوں، کمیونٹی رہنماؤں اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کو حکومتی اقدامات کے ساتھ تعاون کرنے کی ترغیب دی تاکہ لوگوں کے لیے وسیع تر رسائی اور مختلف خدمات کے اختیارات کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ علما کرام اور دیگر با اثر شخصیات رضاکارانہ خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے فروغ میں بھرپور مدد فراہم کریں اور اس کے مثبت نتائج سامنے لانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 06

ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ پانچ ماہ میں خالص بیرونی سرمایہ کاری 1 بلین ڈالر کے قریب بھی نہیں پہنچ سکی، جو کاروباری لاگت میں بے انتہا اضافے سے پیدا ہونے والے سرمایہ کاروں کی مشکلات کو ظاہر کرتی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ جب مقامی صنعتیں 13 سینٹ فی یونٹ سے زائد بجلی نرخوں کے باعث بند ہورہی ہوں، تو غیر ملکی سرمایہ کار بھی پاکستان کا رخ نہیں کریں گے۔ برآمدات کے حوالے سے میاں زاہد حسین نے کہا کہ اگرچہ ان میں معمولی اضافہ ہوا ہے، لیکن تجارتی خسارہ بدستور خطرہ بنا ہوا ہے۔ جولائی تا اکتوبر برآمدات تقریبا 13 ارب ڈالر رہیں، جو بیرونی قرضوں کی ادائیگی کے لیے ناکافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لارج اسکیل مینوفیکچرنگ (LSM) میں 4.08 فیصد بہتری آئی ہے، اور جب تک صنعتی بنیاد مضبوط نہیں ہوگی، برآمدی اہداف حاصل کرنا ممکن نہیں۔ انہوں نے غربت اور بیروزگاری میں اضافے پر بھی گہری تشویش ظاہر کی۔ ان کا کہنا تھا کہ اگرچہ مہنگائی میں کافی حد تک کمی آئی ہے، لیکن قوت خرید بدستور کمزور ہے اور ورلڈ بینک کے مطابق تقریبا 44 فیصد آبادی خط غربت سے نیچے جا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی سفارش پر سخت ٹیکس اقدامات، تنخواہ دار طبقے اور کارپوریٹ سیکٹر پر ٹیکسوں کی بلند شرح ڈیمانڈ کو مزید کم کر رہے ہیں۔ جب قوت خرید ختم ہوتی ہے تو صنعتیں بند ہوتی ہیں اور بیروزگاری بڑھتی ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 07

کا کہنا تھا کہ ضلع وسطی کے نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کو سول ڈیفنس کے شعبہ میں رضاکارانہ بھرتی کرتے کے اس اقدام سے ضلع وسطی کے نوجوان لڑکے لڑکیوں کو اپنی صلاحیتوں کا استعمال کرنے کا عملی مظاہرہ کا موقع فراہم ہوگا تو دوسری جانب نوجوان طبقہ کو مثبت عملی سرگرمیوں کی جانب بھی لایا جاسکے گا۔ اس سے نوجوان طبقہ تعمیری سوچ اور فلاحی کاموں میں مصروف رہے گا اور ساتھ ساتھ قومی اور عوامی خدمت کا جذبہ بڑھتا چلا جائے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 08

شیخ کے صاحبزادے یہ محمد عبدالرحیم قادری کی شادی خانہ آبادی محمد اعظم صاحب کی صاحبزادی سے بخیر و خوبی انجام پائی۔ انھوں نے اس خوشی کے موقع پر مقامی ہال میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا جس میں جماعت اہلسنت کے علامہ ابرار احمد رحمانی، علامہ محمد میاں برکاتی، علامہ قاری سید سلیم بخاری، علامہ اسامہ رضوی، علامہ شفیق الرحمن حسینی، علامہ ریحان چشتی، علامہ احمر قادری، علامہ محمد خان نعیمی، علامہ محمد شمیر قادری، علامہ محمد ناصر عطاری، علامہ حسان عظیم قادری، علامہ عدنان الہی قادری، علامہ محمد افضل قادری، علامہ اویس عظیم قادری، علامہ محمد عمیر قادری، علامہ فرحان قادری ترابی، جمعیت علمائے پاکستان ملیر کے صدر پیر عبدالرزاق رہبری، علامہ سید وارث علی شاہ، رحمانی، ممتاز سماجی رہنما و چیئرمین خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن زاہد رحیم، رضا فاؤنڈیشن کے محمد یوسف انصاری، حامد نور ویلفیئر کے خرم اعجاز، یوتھ یونٹی ویلفیئر کے ماجد شیخ، حافظ وقاص احمد، المصطفی ویلفیئر کے زبیر اسحاق ایڈوکیٹ، بزم تاجدار ختم نبوت کے اشعر خان قادری، شمسی مارکیٹ ملیر کے محمد عامر، ایجوکیشن آفیسر ماڈل ٹاؤن فہد شریف، اور علمائے مشائخ، اساتذہ کرام، عزیز و اقربا کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور علامہ ڈاکٹر سید عبدالوہاب اکرم قادری کو ان کے صاحبزادے کی شادی خانہ آبادی پر دلی مبارکباد دی اور دولہا دولہن کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 09

آئی سندھ کی جانب سے 19، 20 اور 21 مارچ 2027 کو تین روزہ امن عالم کانفرنس سکھر میں منعقد کی جائے گی، جس میں امام کعبہ سمیت دنیا بھر سے امن کے سفیروں کو شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ کانفرنس کی کامیابی کے لیے متعدد کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئیں۔ علامہ راشد محمود سومرو نے کہا کہ عالمی امن کانفرنس وطن اور ملت کے لیے انتہائی سودمند ثابت ہوگی، جہاں دنیا کے مختلف خطوں سے آنے والے امن کے نمائندے اپنا پیغام پیش کریں گے۔ علامہ راشد محمود سومرو نے کہا کہ ٹرمپ کی پاکستان سے محبت دراصل ان کے اپنے مفادات سے مشروط ہے۔ جس میں چاپلوسی، غلام بنانا اور قیمتی معدنیات پر نظر ہے انہوں نے کہا ہم ہر ملک کے ساتھ برابری کی بنیاد پر تعلقات چاہتے ہیں، نہ کہ دبا یا جبر آقا ہونے کی بنیاد پر۔ انہوں نے کہا کہ آئین، جمہوریت، سندھ کے وجود، اس کے ورثے اور وسائل پر مسلسل حملے کیے جا رہے ہیں۔ تھر اور کارونجھر سندھ کی زندگی، شناخت اور تاریخ کا اہم حصہ ہیں جنہیں نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ مزید کہا کہ مدارس و مساجد کے خلاف سازشیں، شادی سے متعلق اسلامی اصولوں کے خلاف قوانین، اور دین سے متصادم اقدامات دراصل اسلام اور انسانیت پر حملہ ہیں۔ انہوں نے لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کی جانب سے توہین رسالت کے پانچ مجرموں کی سزا منسوخ کرنے کے فیصلے کو بھی ایک سازش قرار دیا اور کہا کہ مقدس شخصیات کی توہین کرنے والوں اور انہیں تحفظ دینے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے۔ علامہ راشد سومرو نے کہا کہ 18 سال سے کم عمر نوجوانوں کی شادی کو "زبردستی کا زنا" قرار دینا اور 10 سال سزا کا قانون شریعت کے خلاف مذاق ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اسلامی قوانین کے خلاف کسی بھی سازش کو قبول نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 10

اور چیئرمین میواتی ہیریٹیج و کلچر فورم اسلام آباد میو برادری کی معروف اور ہر دل عزیز شخصیت راقلام محمد میو سے اسلام آباد سواں گارڈن میں ان کی رہائش گاہ میوات ہاس میں ملاقات کی لوک ورثہ میوزیم اسلام آباد میں میواتی کلچر کا کارنر میواتی ڈائیوراما قائم کروانے پر مبارکباد پیش کی اور اس حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین میواتی ہیریٹیج و کلچر فورم اسلام آباد راقلام محمد نے کہا کہ میواتی ہیریٹیج اینڈ کلچر فورم اسلام آباد کی ایک ایسی تنظیم ہے جو میواتی کلچر کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر متعارف کروانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، میرے سیکرٹری جنرل محمد اسحاق میو اور میری پوری ٹیم نے میرے ساتھ مل کر اس سلسلے میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں لوک ورثہ میوزیم اسلام آباد میں میواتی کلچر کا کارنر میواتی ڈائیوراما قائم کیا، جس پر خطیر رقم خرچ ہوئی، اور اس کا افتتاح وفاقی وزیر قومی ورثہ اور ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کیا اس پر وقار افتتاحی تقریب میں راولپنڈی، اسلام آباد، اور ٹیکسلا کے معززین میو برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی میو قوم کی تاریخ میں یہ ایک منفرد کارنامہ ہے، جس کی مثال اس سے پہلے نہیں ملتی میواتی کلچر کا یہ ایک مستقل کارنر ہے جسے پاکستان بھر سے سیر کے لیے آنے والے ہزاروں لوگ روزانہ دیکھتے ہیں اس ڈائیوراما کی مدد سے میو قوم اور میواتی کلچر نہ صرف پاکستان بلکہ بین الاقوامی سطح پر متعارف ہو رہا ہے، انہوں نے یہ بھی کہا کہ میں اور میری ٹیم کی خصوصی کاوشوں سے اب لوک ورثہ میوزیم اسلام آباد میں میو فنکاروں کی رجسٹریشن بھی ہو گئی ہے اس سلسلے میں تمام دفتری ضابطے مکمل کیے، وزارت قومی ورثہ و ثقافت منظوری کے بعد پہلی مرتبہ میو فنکاروں کو لوک ورثہ کے سالانہ میلے میں میواتی زبان میں اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کا موقع ملا میواتی ہیریٹیج اینڈ کلچر فورم کی طرف سے میو فنکاروں کی رجسٹریشن اور پہلی دفعہ لوک میلہ میں انٹری کے بعد آئندہ ہونے والے پروگراموں میں ان کی شمولیت کی راہ ہموار ہو گئی ہے، اس سے پہلے میں اور میرے سیکرٹری جنرل محمد اسحاق میو نے میواتی زبان کی نادرا میں رجسٹریشن، اور محکمہ شماریات کے فارم میں میواتی زبان کو شامل کرانے میں بھی کلیدی کردار ادا کیا اور اب میواتی ہیریٹیج اینڈ کلچرل فورم کے پلیٹ فارم سے میواتی زبان و کلچر کو

کلچر ڈے کے نام پر پاکستان دشمنی اور غنڈہ گردی ناقابل برداشت ہے

حق پرست اراکین اسمبلی

کلچر ڈے کی آڑ میں قومی املاک کی توڑ پھوڑ، شرپسندی اور پاکستان مخالف نعرے بازی برداشت نہیں کی جائے گی حق پرست اراکین اسمبلی

ذمہ داران کی فوری گرفتاری اور کڑی سزا یقینی بنائی جائے، کسی بھی صورت پاکستان کے خلاف نعرے بازی کو برداشت نہیں کیا جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گزشتہ روز "کلچر ڈے" کے پردے میں پرتشدد واقعات، گاڑیوں اور قومی املاک کی بے دردانہ توڑ پھوڑ، اور کھلے عام "پاکستان مردہ باد" جیسے انتہائی اشتعال انگیز اور ملک دشمن نعرے لگائے جانے پر گہرے غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے اسے امن اور قومی سالمیت کے خلاف ایک بزدلانہ اور ناقابل معافی سازش قرار دیا ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ پرامن ثقافتی سرگرمیوں کو چند شرپسند اور غدار عناصر نے اپنے مذموم ایجنڈے کے لیے استعمال کیا، جن کا مقصد صرف ملک میں فساد، افراتفری پھیلانا اور قومی یکجہتی کو پارہ پارہ کرنا ہے۔ انہوں نے شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ، بی ٹی کے اسٹارز نے ٹائٹل اپنے نام کرلیا

کھیل نوجوانوں کی جسمانی نشو و نما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، احمد چوہان

سعید حسن ٹورنامنٹ کے بہترین کھلاڑی قرار پائے، لیفٹیننٹ کرنل علی اصغر نے انعامات تقسیم کئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی ایچ اے سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں بی ٹی کے اسٹارز نے ڈی ایچ اے سٹی کو اٹھاسی رنز سے شکست دے کر ٹائٹل جیت لیا۔ بی ٹی کے اسٹارز کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 242 رنز بنائے، قربان بروہی کی شاندار سنچری، سعید حسن 80 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ جواب میں ڈی ایچ اے سٹی کی پوری ٹیم 154 رنز بنا سکی۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

صوبائی محتسب سندھ کے تحت گلستان شاہ عبداللطیف گرلز کالج میں آگاہی سیمینار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی محتسب سندھ کے تحت گلستان شاہ عبداللطیف گرلز کالج میں آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا۔ جس میں پرنسپل، سیکریٹری لرسٹ ڈاکٹر سہاگ اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار میں ایڈوائزر ریحانہ جی علی یمن نے طالبات کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

مرکزی مسلم لیگ کراچی انٹراپارٹی الیکشن پہلا مرحلہ مکمل، نتائج کا اعلان

شہر بھر کی 28 یوسیز میں ہونے والے ان انتخابات میں 78 امیدواروں نے حصہ لیا اور بھرپور انتخابی مہم چلائی

عوامی سطح پر کارکنان کو اپنی قیادت خود منتخب کرنے کا حق دے کر حقیقی عوامی جماعت ہونے کی مثال قائم کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی مسلم لیگ کراچی کی جانب سے انٹراپارٹی الیکشن کے پہلے مرحلے کے نتائج جاری کر دیے گئے۔ شہر بھر کی 28 یوسیز میں ہونے والے ان انتخابات میں 78 امیدواروں نے حصہ لیا اور بھرپور انتخابی مہم چلائی۔ انٹراپارٹی الیکشن میں سب سے زیادہ ووٹ صفورہ ٹاؤن کی یوسی 1 عباس ٹاؤن کے امیدوار یونس راجپوت نے 1035 ووٹ حاصل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

کراچی: 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک اور رات میں خنک رہنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک اور رات میں خنک رہنے کا امکان ہے جبکہ محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ شہر میں سردی کی شدت میں باقاعدہ اضافہ 15 دسمبر کے بعد ہونا شروع ہوگا۔



چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن کا ایک اور احسن اقدام

کھلے مین ہولز پر فوری کور کی تنصیب، ٹاؤن انتظامیہ عملی میدان میں متحرک۔

شہری انتظامیہ اگر متحد ہو جائے تو کراچی جیسے بڑے شہر میں بھی واضح تبدیلی ممکن ہے، محمد یوسف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے عوامی سلامتی کے حوالے سے نہایت اہم اور فوری نوعیت کا اقدام اٹھاتے ہوئے ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے ٹاؤن انتظامیہ کے افسران اور اسٹاف کے ہمراہ کھلے مین ہولز پر کور لگانے کا کام موقع پر ہی شروع کرایا۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا کہنا تھا کہ انسانی جان سب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

اشتعال پھیلانے والے شرپسند عناصر پر بھی کڑی نگاہ رکھی جائے

ثروت اعجاز قادری

ملک دشمن عناصر ملک کو کمزور کرنے کے لیے سازشیں کر رہے ہیں ہمارے شہید قائدین نے ہمیشہ ایسے عناصر کو بے نقاب کیا ہے، چیئرمین PST

ملک دشمن قوتیں ملک کو کمزور کرنے کیلئے سازشیں کر رہی ہیں شہید قائدین نے ہمیشہ شرپسند عناصر کو بے نقاب کیا ہے، مرکزی صدر بلال سلیم قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے چیئرمین انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری کی صدارت میں منعقد ہونے والے اجلاس سے مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری نے خطاب کیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22



صوبائی محتسب سندھ کے تحت گلستان شاہ عبداللطیف گرلز کالج میں آگاہی سیمینار سے ایڈوائزر ریحانہ جی علی یمن خطاب کر رہی ہیں

حکومت سندھ لوگوں کو بہترین طبی سہولتیں مہیا کرنا چاہتی ہے

وزیر صحت سندھ

لوگ بچوں کو ویکسین کیلئے نہیں لاتے، ہمارے پاس نیورو سرجنز کی کمی ہے، نئی خالی اسامیوں پر بھرتی کے بعد یہ قلت ختم ہو جائے گی، ڈاکٹر عذرا افضل پیچوہو

صوبے میں 2024 کے دوران خسرے کے 700 سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ 2025 میں 3 ہزار سے زیادہ کیسز رپورٹ ہوئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے وزیر صحت ڈاکٹر عذرا افضل پیچوہو نے کہا ہے کہ حکومت سندھ صحت کے شعبے میں لوگوں کو بہترین طبی سہولتیں مہیا کرنا چاہتی ہے، ہمارے پاس نیورو سرجنز کی کمی ہے، نئی خالی اسامیوں پر بھرتی کے بعد یہ قلت ختم ہو جائے گی۔ 2024 کے دوران خسرے کے 700 سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے جبکہ 2025 میں 3 ہزار سے زیادہ کیسز رپورٹ ہوئے۔ 2018 سے 2023 تک خسرے کی وجہ سے 16 اموات ہوئی ہیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

کورنگی پریس کلب کراچی کی جانب سے سندھی کلچر ڈے کے موقع پر مبارکباد

نعیم شیخ کے تعاون سے سندھی ثقافت کا دن بڑے جوش و خروش سے منایا گیا۔

سندھ پیار محبت ادب علم بھائی چارے برداشت اور امن کی سرزمین ہے، نثار کھوڑو

کراچی (رپورٹ صبغت اللہ سوگی) کورنگی پریس کلب کراچی کی جانب سے چیئرمین کورنگی جناب نعیم شیخ کے تعاون سے سندھی ثقافت کا دن بڑے جوش و خروش سے منایا گیا۔ تقریب کا آغاز کورنگی پریس کلب کراچی کے سیکریٹری جنرل صبغت اللہ سوگی کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

حضرت ابوبکر کی حیات طیبہ مشعل راہ ہے، مذہبی اسکالر

حکومت 22 جمادی الثانی کو عام تعطیل کا اعلان کرے، مولانا اسامہ سرور



کراچی (اسٹاف رپورٹر) خلیفہ بلافصل حضرت ابوبکر صدیق کی حیات طیبہ مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہے، حکومت 22 جمادی الثانی کو حضرت ابوبکر صدیق کے یوم وفات کے موقع پر عام تعطیل کا اعلان کرے۔ معروف مذہبی اسکالر مولانا محمد اسامہ سرور نے مرکزی جامع مسجد ابوبکر صدیق میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

چیئرمین منگھوپیر ٹاؤن نواز علی بروہی کا محمد حسین بوائز سیکنڈری اسکول کا دورہ

حاجی نواز علی بروہی بطور مہمان خصوصی تقریب میں موجود تھے اور جذبہ اور ثقافتی جوش و خروش کو سراہا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین منگھوپیر ٹاؤن حاجی نواز علی بروہی نے آج محمد حسین بوائز سیکنڈری اسکول کا دورہ کیا جہاں سندھ کلچر ڈے کے موقع پر ایک شاندار، رنگا رنگ اور روایتی پروگرام منعقد کیا گیا تھا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

محکمہ صحت و آبادی بھکر کے زیر اہتمام میٹنگ و تربیتی نشست

مناسب اقدامات کے نفاذ اور مثبت رائے عامہ کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

معاشی ترقی کے لیے ایک سازگار ماحول بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، مظہر عباس خان

بھکر (اعجاز شہانی) محکمہ صحت و آبادی بھکر کے زیر اہتمام گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بھکر میں رجسٹرڈ علما کرام، آئمہ مساجد، خطبا اور علاقائی معزز شخصیات کی کارکردگی میٹنگ و تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



کورنگی پریس کلب کے چیئرمین جناب میر اوشاق علی میرانی اور ٹاؤن چیئرمین کورنگی جناب نعیم شیخ کے تعاون سے سندھی ثقافت کا دن بڑے جوش و خروش سے منایا جا رہا ہے

ٹیکسوں کی بلند شرح نے معیشت کو جکڑا ہوا ہے، میاں زاہد حسین

ورلڈ بینک کے مطابق 44 فیصد آبادی خط غربت سے نیچے چلی گئی ہے۔

غربت میں کمی کے لیے ایکسپورٹس، FDI میں اضافہ ضروری ہے۔ میاں زاہد حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان اور ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین، سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے موجودہ مالی سال کے پہلے پانچ ماہ کے اقتصادی اشاریوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ حکومت کو معاشی بنیادی وجوہات پر توجہ دینی ہوگی۔ (FDI)

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بھکر میں رجسٹرڈ علما کرام، آئمہ مساجد، خطبا اور علاقائی معزز شخصیات کی کارکردگی میٹنگ و تربیتی نشست سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

PTI عوامی جمہوریت پر یقین رکھتی ہے ڈکٹیٹرشپ قبول نہیں

فہیم خان

پاکستان کی سب سے بڑی جماعت پی ٹی آئی ہے دیوار سے نہ لگایا جائے، عوامی مینڈیٹ چوری ہو سکتا ہے، عوامی حمایت نہیں چھینی جا سکتی

عمران خان عوام کے دلوں میں بستے ہیں، ہر ہتھکنڈہ ناکام ہوگا، پاکستان تحریک انصاف عوامی جمہوریت پر پختہ یقین رکھتی ہے، سینئر نائب صدر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے سینئر نائب صدر فہیم خان نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان تحریک انصاف عوامی جمہوریت پر پختہ یقین رکھتی ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

ضلع وسطی کے سول ڈیفنس کے شعبہ کو فعال کرنے کا خیر مقدم، عادل خان زئی

حالات کو سنبھالنے کے لیے سول ڈیفنس کے شعبہ کو دوبارہ فعال کرنے کا اقدام قابل تعریف ہے

اس سے نوجوان طبقہ تعمیری سوچ اور فلاحی کاموں میں مصروف رہے گا



کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینٹرل لائرز فورم کراچی کے صدر عادل خان زئی ایڈووکیٹ نے عوامی اجلاس میں ضلع وسطی میں سول ڈیفنس کے شعبہ کو دوبارہ فعال کرنے پر ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی طحہ سلیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ حالات کو سنبھالنے کے لیے سول ڈیفنس کے شعبہ کو دوبارہ فعال کرنے کا اقدام قابل تعریف ہے۔ عادل خان زئی ایڈووکیٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

منشیات سے پاک کرایا گیا میدان اب شادی ہال بن گیا

کاشف نظامی

ہوائی فائرنگ کرنیوالے عناصر کیخلاف سخت کارروائی کی جائے، حبیب گراؤنڈ کو صرف کھیلوں اور عوامی تفریح کے لیے مخصوص کیا جائے

حبیب گراؤنڈ لانڈھی کو کمرشل تقریبات سے بچایا جائے! محلہ کمیٹی کا ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی سے فوری اقدام کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لانڈھی ایریا 36E اور 5B کے رہائشیوں نے اپنے واحد کھیل کے میدان، حبیب گراؤنڈ کو نجی اور کمرشل تقریبات کے لیے کرائے پر دیے جانے کے خلاف شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) اور سندھ پولیس کے تعاون سے منشیات فروشوں اور منشیات کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

بارہویں جماعت کے امتحانات 9 دسمبر سے 20 دسمبر تک جاری رہیں گے

طلبہ و طالبات کو مشورہ دیا ہے کہ امتحانی شیڈول کیلئے اپنے اسکولوں کالجوں سے رابطہ کریں



میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوگی) ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ میرپورخاص کے بارہویں جماعت کے امتحانات 9 دسمبر سے 20 دسمبر تک جاری رہیں گے، انہوں نے طلبہ و طالبات کو مشورہ دیا ہے کہ امتحانی شیڈول کیلئے اپنے اسکولوں کالجوں سے رابطہ کریں۔

KDA انتظامیہ نے کرپشن کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنا رکھی ہے

آصف جان صدیقی

بدعنوانی کے خلاف اقوام متحدہ کا کنونشن (UNCAC) دنیا بھر کے اداروں کے لیے ایک مضبوط فریم ورک فراہم کرتا ہے، ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے

بدعنوانی نہ صرف اداروں کو کمزور کرتی ہے بلکہ عوام کے بنیادی حقوق پر بھی ضرب لگاتی ہے کے ڈی اے ہی ہمارا مشترکہ ہدف ہونا چاہیے، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی آصف جان صدیقی نے 9 دسمبر 2025 انٹرنیشنل اینٹی کرپشن ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بدعنوانی کے خاتمے کے بغیر اداروں کی ترقی، شفافیت اور عوامی اعتماد کا حصول ممکن نہیں۔ ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے نے کہا کہ بدعنوانی کے خلاف اقوام متحدہ کا کنونشن (UNCAC) دنیا بھر کے اداروں کے لیے ایک مضبوط فریم ورک فراہم کرتا ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

چیئرمین منگھوپیر ٹاؤن نواز علی بروہی کا محمد حسین بوائز سیکنڈری اسکول کا دورہ

حاجی نواز علی بروہی بطور مہمان خصوصی تقریب میں موجود تھے اور جذبہ اور ثقافتی جوش و خروش کو سراہا



کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین منگھوپیر ٹاؤن حاجی نواز علی بروہی نے آج محمد حسین بوائز سیکنڈری اسکول کا دورہ کیا جہاں سندھ کلچر ڈے کے موقع پر ایک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

عبدالوہاب اکرم قادری کے صاحبزادے سید محمد رحیم قادری کی دعوت ولیمہ

شادی خانہ آبادی پر دلی مبارکباد دی اور دولہا دلہن کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

علامہ محمد میاں برکاتی علامہ قاری سید سلیم بخاری، علامہ اسامہ رضوی و دیگر کی شرکت



کراچی (اسٹاف رپورٹر) علامہ ڈاکٹر سید محمد عبدالوہاب اکرم قادری نائب امیر جماعت اہلسنت کراچی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8



میزان بینک اور اتحاد وائیرویز کے درمیان معاہدے کے موقع پر میزان بینک کے گروپ ہیڈ کنزیومر فنانس احمد علی صدیقی اور اتحاد ویز کے جنرل منیجر احمد ظہیر کا شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

سول اسپتال انتظامیہ کی غفلت کے خاتمے کیلئے ڈاکٹر پیر غلام نبی شاہ جیلانی متحرک

اسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز، او پی ڈی، لیبارٹری، ایمرجنسی اور دیگر اہم یونٹس کا دورہ کیا

صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال کو انتہائی غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے شدید برہمی کا اظہار کیا



میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوگی) میرپورخاص سول اسپتال میں انتظامی خامیوں اور طبی عملے کی غفلت کے خاتمے کے لئے ایم ایس ڈاکٹر پیر غلام نبی شاہ جیلانی متحرک ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایم ایس ڈاکٹر پیر غلام نبی شاہ جیلانی نے رات گئے بھیس بدل کر اسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز، او پی ڈی، لیبارٹری، ایمرجنسی اور دیگر اہم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

جے یو آئی سندھ کی شوریٰ کا اجلاس، امن کانفرنس 2027 سکھر میں کرنے کا فیصلہ

سندھ کے وجود اور وسائل کے تحفظ کے عزم کا اظہار۔ علامہ راشد محمود سومرو کا اہم خطاب

سندھ کی موجودہ صورتحال پر جے یو آئی سندھ کے قائد علامہ راشد محمود سومرو نے تفصیلی گفتگو کی

جیکب آباد (رپورٹ عبدالقیوم بھرانی) جے یو آئی سندھ کی شوریٰ کا اجلاس جامعہ اشاعت القرآن میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ملکی، علاقائی اور خاص طور پر سندھ کی موجودہ صورتحال پر جے یو آئی سندھ کے قائد علامہ راشد محمود سومرو نے تفصیلی گفتگو کی۔ مارچ 2027 میں امن عالم کانفرنس سکھر میں کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9



اشفاق چشتی کی راؤ غلام محمد میو سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات

لوک ورثہ میوزیم اسلام آباد میں میواتی کلچر کا کارنر میواتی ڈائیوراما قائم کیا

افتتاح وفاقی وزیر قومی ورثہ نے کیا اس پر خطیر رقم خرچ ہوئی



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کراچی یونین آف جرنلسٹس اور چیف رپورٹر ڈیلی آزاد ریاست نیوز اشفاق چشتی میواتی نے میو تنظیمات کونسل کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

کراچی چیمبر کا عاصم منیر کی چیف آف ڈیفنس فورسز تقرری کا خیر مقدم

عاصم منیر کی قیادت ریاستی اداروں، عوام اور تاجر برادری میں مزید اعتماد پیدا کرے گی، زبیر موتی والا، ریحان حنیف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بزنس مین گروپ (بی ایم جی) کے چیئرمین زبیر موتی والا اور کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر ریحان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

قمر مجید فاروقی، کی جانب سے لیپکا کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد

کلرکس برادری کی کثیر تعداد شامل تھی تمام دوستوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

ریاض احمد مہار، اکمل گل، آصف گولڈل، راشد ممتاز، راؤ محبت علی ارمغان و دیگر کی مبارکباد



بہاولنگر (اسٹاف رپورٹر) لیپکا ایجوکیشن یونٹ ڈسٹرکٹ بہاولنگر کی جانب سے لیپکا کے نو منتخب عہدیداران، ریاض احمد مہار صاحب چیئرمین لیپکا بہاولنگر۔ جناب قمر مجید فاروقی صاحب سابق ضلعی صدر لیپکا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

سندھ یونیورسٹی جامشورو کے طلبہ و طالبات کا وفد عبدالعلیم خانزادہ سے ملا

موضوع لندن اے 219 میں مسلسل ایم کیو ایم کی انتخابی کامیابی کا عوامی رجحان تھا

ایم کیو ایم کی کامیابی قومی موومنٹ کی مضبوط تنظیمی روایت اور مربوط آرگنائزنگ سسٹم کی بدولت ہے



میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوگی) سندھ یونیورسٹی جامشورو کے طلبہ و طالبات سے تحقیقاتی ٹیم پاکستان اسٹڈی سینٹر کا وفد رکن قومی اسمبلی پروفیسر عبدالعلیم خانزادہ سے ملا۔ طالبات کی تحقیق کا موضوع لندن اے 219 میں مسلسل ایم کیو ایم کی انتخابی کامیابی کا عوامی رجحان تھا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

میرپورخاص پاک کالونی کے علاقے میں خستہ حال مکان کی چھت گر گئی

4 افراد زخمی ہو گئے، بروقت اطلاع کے باوجود ریسکیو 1122 اور ریسکیو عملہ تاخیر سے پہنچا

پاک کالونی میں ایک خستہ حال بوسیدہ مکان کی چھت زوردار دھماکے سے گر گئی

میرپورخاص (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میرپورخاص پاک کالونی کے علاقے میں خستہ حال مکان کی چھت گر گئی، چھت گرنے کے نتیجے میں گھر میں موجود 4 افراد زخمی ہو گئے، بروقت اطلاع کے باوجود ریسکیو 1122 اور ریسکیو عملہ تاخیر سے پہنچا۔ علاقہ مکینوں نے اپنی مدد آپ کے تحت زخمیوں کو ملبے سے نکال کر اسپتال منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق میرپورخاص کے علاقے پاک کالونی میں ایک خستہ حال بوسیدہ مکان کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

